P.R.NO.02/2025

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

## Press Release

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کل مظفرآباد آزاد کشمیر میں علاقائی دفتر کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد(    ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کل (بدھ) مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے علاقائی دفتر کا افتتاح کریں گے، وہ اس موقع پر آزاد جموں وکشمیر میں نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، واپڈا، پاکستان پوسٹ، قومی بچت، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سمیت وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کے علاوہ اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ وفاقی محتسب بدھ (22 جنوری 2025ء) کو پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) مظفرآباد میں ساڑھے گیارہ بجے ایک پریس کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

20 جنوری 2025ء